© rasailojaraid.com

ادبیات

نغمۂ توحید

از جناب ماہر القادری صاحب

دعائے شام و سحر لا الٰہ الا اللہ — یہی ہے زادِ سفر لا الٰہ الا اللہ
سکونِ قلب و جگر لا الٰہ الا اللہ — کمالِ فکر و نظر لا الٰہ الا اللہ
نہ کہکشاں نہ قمر لا الٰہ الا اللہ — نہ کچھ اِدھر نہ اُدھر لا الٰہ الا اللہ
تمام ملتیں باطل ہیں صرف اک اسلام — یہی ہے راہگذر لا الٰہ الا اللہ
اسی میں دولتِ دنیا یہی ہے دولتِ دیں — متاعِ اہلِ خبر لا الٰہ الا اللہ
ملا رہا ہوں نگاہیں میں کجکلاہوں سے — نہ خوف ہے نہ خطر لا الٰہ الا اللہ

بتوں کو توڑ تخیل کے ہوں کہ پتھر کے
ذرا بھی دیر نہ کر لا الٰہ الا اللہ

دیارِ حبیب

از جناب سید وزیر حسن صاحب عابدی، ایم، اے

میں جہاں رہ نورد ہوں اے دوست — نہ زمیں ہے نہ آسماں ہے وہاں
قطعِ منزل نمودِ منزل ہے — کارواں پیشِ کارواں ہے وہاں
اک جہاں ہے جہانِ لامحدود — اک فضا ہے کہ بیکراں ہے وہاں
خیرہ کن ہیں فضا کے نظارے — خیرگی دل کی رازداں ہے وہاں
محوِ حیرت نگاہ لب خاموش — خامشی حکمِ جاوداں ہے وہاں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہاں مگر میرِ کارواں کی صدا
یہ صدا جانِ کارواں ہے وہاں

یہ صدا اس افق سے آتی ہے
جو بافضائے این وآں ہے وہاں

یہ صدا ہے حیات کی تفسیر
یہ صدا شرحِ دوجہاں ہے وہاں

اک صدا ہے صدائے گوش بگوش
محفلِ ہوش یک زباں ہے وہاں

دفترِ کائناتِ گوناگوں
ایک مربوط داستاں ہے وہاں

ہر نفس شرحِ زندگانی ہے
زندگی ہر نفس جواں ہے وہاں

زندگی اپنے حسنِ جلوت میں
رونقِ بزمِ دوستاں ہے وہاں

بزم میں کہکشاں کی کیفیت
حسن والفت کی زندگی یعنی

ہر ستارے میں کیفِ حسنِ سحر
دلکشی اور سادگی یعنی

سب ستارے قدم قدم آزاد
حسنِ تنظیمِ زندگی یعنی

سب ستارے روش روش مجبور
پاسِ آدابِ رہروی یعنی

سب نمودِ کمال کے پابند
بندگی اور سروری یعنی

ان کی رفتار ہیں دوام خرام
شوق کی سعیِ دائمی یعنی

ہر قدم مست، ہر قدم ہشیار
جذبِ ہمدوشِ آگہی یعنی

ان کی رفتار ہیں کمالِ روش
سارے عالم کی رہبری یعنی

میرِ مجلس امین رازِ وجود
بندہ اور شانِ ایزدی یعنی

مالکِ شش جہات حاکمِ کل
سر پہ تاجِ شہنشہی یعنی

مسند آرائے شانِ درویشی
فقر وفاقہ کی زندگی یعنی

نگہِ قاہری جلال آثار
برقِ جانِ ستمگری یعنی

چشم مخمور رحمت آمادہ
سلسبیلی وکوثری یعنی

© rasailojaraid.com